Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۱	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۷ ربیع الثانی سنہ ۱۳۳۷ھ مطابق ۲۰ جنوری سنہ ۱۹۱۹ء	نمبر ۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
	بحالی نسیم الزمان خان	
۲	رخصت بلمسار سید مقبول احمد صاحب	۱
۳	تقرر خان بہادر سید قاسم علی صاحب	۲
۴	تقرر منشی محمود حسن	۲
۵	انتقال [illegible] یعقوب خان [illegible]	۲

خلاصہ حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بحالی

۱۱ر جنوری سنہ ۱۹۱۹ء

بنظر پرورش نسیم الزمان خان کا قصور معاف فرما کر انکی اصلی جگہ اور تنخواہ پر تاریخ کارکردگی سے بحال فرمایا گیا۔ سید محمد داؤد وجہ نسیم الزمان خان کی جگہ کام کر رہے تھے اور اجلاس ہمایون کے مستقل ملازم تھے اپنی جگہ موجودہ تنخواہ [illegible] روپیہ ماہوار پر واپس ہوئے۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۱۲ر جنوری سنہ ۱۹۱۹ء

مولوی سید مقبول احمد صاحب ممبر بورڈ آف آڈٹ کی رخصت ایک سال بلا تنخواہ من ابتدا ۱۵ر جنوری سنہ ۱۹۱۹ء منظور کیجاتی ہے دیگر ممبران بورڈ آف آڈٹ اُنکے چارج لے لین۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہون۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۱۳ر جنوری سنہ ۱۹۱۹ء

آڈٹ مین مولوی سید مقبول احمد صاحب کی جگہ انتظام طلب ہے۔

لہذا حکم ہوا کہ

خان بہادر سید قاسم علی صاحب بمشاہرہ دوسو روپیہ ماہوار ممبر بورڈ آف آڈٹ مقرر ہون۔ صدر سے احکام ضابطہ جاری کیے جائین۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

تقرر

۴ر جنوری سنہ ۱۹۱۹ء

منشی محمود حسن کا تقرر بعہدہ نائب پیشکاری سررشتہ تعلیم بمعاونت سید احمد حسین پیشکار سررشتہ تعلیم بوجہ ضعیفی پیشکار مذکور بمشاہرہ پچیس روپیہ ماہوار از تنخواہ مشار الیہ اجلاس ہمایون سے منظور ہوا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

تقرر

۱۱ر جنوری سنہ ۱۹۱۹ء

یعقوب خان جمعدار شاہ آباد مشاہرہ دار پندرہ روپیہ ماہوار کی جگہ کا بوجہ فوتی حسب ذیل انتظام ہوا۔

۱- بجائے متوفی سید محمد حسن معاون جمعدار مشاہرہ دار سولہ روپیہ ماہوار اپنی موجودہ تنخواہ پر جمعدار شاہ آباد مقرر ہوے۔

۲- بجائے معاون جمعدار تجمل حسین خان داماد یعقوب خان متوفی جو سررشتہ باغات مین دس روپیہ ماہوار کے ملازم تھے بمشاہرہ بارہ روپیہ ماہوار معاون جمعدار مقرر ہوے

۳- بجائے تجمل حسین خان داروغہ باغات سید محسن [illegible] بمشاہرہ دس روپیہ ماہوار داروغہ باغات مقرر ہوے

۴- تجمل حسین خان کے تقرر کے بعد جو جمعدار متوفی کی تنخواہ سے تین روپیہ بچے وہ حسب صراحت ذیل تین کس معاونان جمعداران کی تنخواہون مین اضافہ ہوے۔

مظفر حسین خان معاون عہ ر محمد عبد المجید خان معاون عہ ر اکبر علی خان معاون عہ ر

مطبع ریاست رامپور مین چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۹ لغایت ۱۵ جنوری سنہ ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۴ مار	۱۲ مار	۱۲ مار	۱۲ و ۱۲ مار	۱۲ مار		نقشہ نرخنامہ تحصیل ٹانڈہ سے نہیں آیا
نخود خاص	۵ مار	۵ مار	۵ مار	۵ مار	۵ مار		
نخود کنہ امیز	۵ مار	۵ مار	۰.۵ مار	۵ مار	۰.۵ مار		
کنہ	۶ مار	۰	۶ مار	۰.۵ مار	۶ مار		
ماش	۲ مار	۰.۳ مار	۳ مار	۳ مار	۳ مار		
مونگ	۳ مار	۰.۳ مار	۳ مار	۰.۲ مار	۳ مار		
مکا	۰.۵ مار	۵ مار	۰.۵ مار	۰.۵ مار	۶ مار		
جنی	۷ مار	۰	×	۰	۷ مار		
گوجنی	۰	۰	۵ مار	۰	۶ مار		
عدس	۰.۵ مار	۰	۵ مار		۰.۵ مار		
ارہر	۰.۵ مار	۰	۶ مار	۰	۷ مار		
برنج	۴ مار	۴ مار	جنگلی ۳ مار / ہگہنہ ۴ مار	۴ مار	۴ مار		
روغن زرد	۰ مار	۰ مار	۰ مار	۰ مار	۰ مار		
روغن سیاہ	۱ مار	۱ مار	۱ مار	۱ مار	۱ مار		
روغن کنجد	۰ مار	۱ مار	۱ مار	۰	۱ مار		
نمک سانبھر	۱۲ مار	۹ مار	۱۰ مار	۰.۰ مار	۹ مار		
نمک لاہوری	۷ مار	۰	۶ مار	۶ مار	۷ مار		
قند سیاہ	۵ مار	۵ مار	۶ مار	۴ مار	۰.۵ مار		
باجرہ	۴ مار	۴ مار	۵ مار	۵ مار	۵ مار		